بارہویں کلاس 12022

D

ہوم اکنامکس

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 17

## حصہ معروضی

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں ۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے ۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا ۔

DGK-22

سوال نمبر 1

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | غذا کے بنیادی گروہ ہیں | تین | چار | پانچ | چھ |
| 2 | زندگی کو ارتقاء کے لحاظ سے ........... مراحل میں تقسیم کی گیا ہے | تین | چار | پانچ | چھ |
| 3 | ایسی غذا ، جس میں تمام غذائی اجزاء متناسب مقدار میں موجود ہوں ، کہلاتی ہے | بنیادی غذا | متوازن غذا | ضروری غذا | نشوونمائی غذا |
| 4 | خلیات کی تعمیر والی غذا میں شامل ہیں | متوازن غذا | دودھ ، گوشت ، مچھلی | اناج | وٹامن |
| 5 | چربی جسم میں بطور............... ذخیرہ ہوتی ہے | آئرن کے | ایندھن کے | توانائی کے | حرارے کے |
| 6 | میرسمس یا سوکھے پن کی بیماری ............... کی کمی سے لاحق ہوتی ہے | وٹامن | نمکیات | پروٹین | کاربوہائیڈریٹ |
| 7 | " ہارٹ فیل " یا " ہارٹ اٹیک " ............... کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے | خوراک | نمکیات | روغنیات | پروٹین |
| 8 | حراروں کی فی صد مقدار کی کمی یا بیشی کا انحصار ہوتا ہے | کام پر | وقت پر | محنت پر | توانائی پر |
| 9 | خون کی شریانوں کا کمزور ہونے سے ، جلد کے اندر ہی اندر خون کا رسنا ، کہلاتا ہے | سکروی | اگیزیما | ہیمرج | بلڈ پریشر |
| 10 | کھانا ............... طریقوں سے پیش کیا جاسکتا ہے | دو | تین | چار | پانچ |
| 11 | میز یا دسترخوان پر جو جگہ ایک شخص کے سامنے آتی ہے ، کہلاتی ہے | میٹ | کور | سجاوٹ | مشرقی انداز |
| 12 | کونسا پرزہ سلائی کے وقت کپڑے کو چلاتا ہے ؟ | پیچ | لیور | دندانے | ہتھی |
| 13 | سلائی مشین کی اقسام ہیں | تین | چار | پانچ | چھ |
| 14 | خام مال کا وہ تار ، جو دھاگہ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ، کہلاتا ہے | دھاگہ | سوت | ریشہ | کپڑا |
| 15 | قدرتی ریشوں میں سب سے لمبا ریشہ ہے | ریشم | اُون | کاٹن | لینن |
| 16 | وارڈروب کے لفظی معنی ہیں | لوازمات | سجاوٹ | الماری | منصوبہ بندی |
| 17 | ایسا تکمیلی عمل جس سے کپڑے میں چمک پیدا ہوتی ہے ، کہلاتا ہے | پارچنگ | مرسرائزیشن | کیلنڈرنگ | سکیڑنا |

www.taleem360.com

ہوم اکنامکس

D

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 68

## حصہ انشائیہ

حصہ اول

DGK-22

| | | | |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر2 | کوئی سے آٹھ اجزاء کے مختصر جوابات دیجیے 2x8=16 | | |
| i | متوازن غذا سے کیا مراد ہے ؟ | ii | غذا کے بنیادی گروہ کون کون سے ہیں ؟ |
| iii | پروٹین کی کتنی اقسام ہیں ؟ | iv | غذائی اجزاء کے نام لکھیے |
| v | غذائی انیمیا سے کیا مراد ہے ؟ | vi | حیوانی پروٹین بچوں اور بڑوں کی خوراک میں کتنے فی صد موجود ہونی چاہیے ؟ |
| vii | ہائیڈروجن اندازی سے کیا مراد ہے ؟ | viii | زندگی کو ارتقاء کے لحاظ سے کتنے مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے ؟ |
| ix | پروٹین کی ساخت بیان کیجیے | x | روغنی غذاؤں کا ہضم ہونے کے لیے کن اجزاء میں تقسیم ہونا ضروری ہے ؟ |
| xi | کاربوہائیڈریٹ کی کتنی اقسام ہیں ؟ | xii | کن غذاؤں میں کاربوہائیڈریٹس کثیر مقدار میں شامل ہوتے ہیں |
| سوال نمبر 3 | کوئی سے آٹھ اجزاء کے مختصر جوابات دیجیے 2x8=16 | | |
| i | خشک پکوائی سے کیا مراد ہے ؟ | ii | کھانا کتنے طریقوں سے پیش کیا جاسکتا ہے ؟ |
| iii | وٹامن اے کی کمی کے دو اثرات بیان کیجیے | iv | تازہ مچھلی کی پہچان کیا ہے ؟ |
| v | خریداری کے عمل سے کیا مراد ہے ؟ | vi | فہرست طعام کی ترتیب سے کیا مراد ہے ؟ |
| vii | " زیرو فتھیلمیا " کیا ہے ؟ | viii | " کیواسسرو " کی بیماری سے کیا مراد ہے ؟ |
| ix | ہاتھ سے چلنے والی مشین کا کیا فائدہ ہے ؟ | x | ضروری امینو ایسڈز کون سے ہیں ؟ نام لکھیے |
| xi | سلائی مشین کے پانچ اہم پرزوں کے نام لکھیے | xii | بنیادی سلائیاں کتنی قسم کی ہیں ؟ |
| سوال نمبر 4 | کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات دیجیے 2x6=12 | | |
| i | کپڑوں کی منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے ؟ | ii | بالوں کی صحت اور حفاظت کے لیے دو تجاویز بیان کیجیے |
| iii | ڈرافٹنگ کے بنیادی اصول کون کون سے ہیں ؟ | iv | ریشہ کیا ہے ؟ |
| v | قدرتی ریشوں کی اقسام بیان کیجیے | vi | سلائی اور کڑھائی میں تانے ' بانے سے کیا مراد ہے ؟ |
| vii | " مرسرائزیشن " سے کیا مراد ہے ؟ | viii | " تختی ملمکرا " سے کیا مراد ہے ؟ |
| ix | آب و ہوا کے لحاظ سے غذا کے انتخاب سے کیا مراد ہے ؟ | | |

www.taleem360.com

## حصہ دوم

نوٹ : اس حصہ سے کوئی سے تین سوالات حل کیجیے 8x3 = 24

سوال نمبر5۔ ریشہ کیا ہے ؟ نیز قدرتی ریشوں پر تفصیلاً نوٹ لکھیے

سوال نمبر6۔ غذا سے کیا مراد ہے ؟ غذا کے بنیادی گروہ کون سے ہیں ؟ نیز متوازن غذا کا انتخاب کرتے وقت کن اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے ؟

سوال نمبر7۔ سلائی مشین کی کتنی اقسام ہیں ؟ سلائی مشین کے اہم حصوں کے نام اور مشین میں پیدا ہونے والی خرابیوں پر نوٹ لکھیے

سوال نمبر8۔ کاربوہائیڈریٹس کی ساخت ' اقسام اور جسم میں کام تحریر کیجیے

سوال نمبر9۔ مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیے :

(i) غذائی تغذیہ (ii) غذا کے مقاصد (iii) پروٹین کی کمی سے ہونے والی بیماریاں